34689- سجدہ سہو اور سجدہ تلاوت میں کیا پڑھا جائے گا؟

سوال

جب نمازی نماز میں سجدہ سہو کرے تو سجدہ میں کیا پڑھے ؟
اور سجدہ تلاوت میں کونسی دعا پڑھی جائیگی ؟

پسندیدہ جواب

سجدہ تلاوت اور سجدہ سہو میں وہی دعا پڑھی جائیگی جو نماز کے سجدہ میں پڑھی جاتی ہے " سبحان ربی الاعلی " یہ ایک بار پڑھنا واجب ہے ، اور کمال کا کم از کم درجہ تین بار ہے ، اور سجدے میں اہم شرعی دعائیں پڑھنا مستحب ہیں؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

" رکوع میں اپنے رب کی تعظیم بیان کرو، اور سجدے میں دعاء کرنے کی جدوجہد اور کوشش کرو، یہ زیادہ لائق ہے کہ تمہاری دعا قبول کرلی جائے "

حدیث میں استعمال شدہ لفظ " فقمن " کا معنی زیادہ لائق ہے .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان :

" بندہ اپنے رب کے سب سے زیادہ قریب سجدہ کی حالت میں ہوتا ہے لہذا دعاء کثرت سے کیا کرو"

یہ دونوں حدیثیں امام مسلم رحمہ اللہ تعالی نے صحیح مسلم میں روایت کی ہیں .

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رکوع اور سجدہ میں اکثر یہ دعاء پڑھا کرتے تھے :

" سبحانک اللہم ربنا وبحمدک اللہم اغفرلی "

اے اللہ اے ہمارے رب تو پاک ہے ، اور تیری ہی تعریف ہے ، اے اللہ مجھے بخش دے "

متفق علیہ .

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رکوع اور سجدے میں یہ دعاء بھی پڑھا کرتے تھے :

" سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح "

اسے مسلم رحمہ اللہ نے صحیح مسلم میں روایت کیا ہے .

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .